# اپنے حقوق جانیے
# NYC کے طلبہ

نیو یارک شہر میں اسکول اور یونیورسٹی جانے والے طلبہ کو نیو یارک شہر کے انسانی حقوق کے قانون کے تحت وہی حفاظتیں حاصل ہیں جو NYC میں رہنے، ملازمت کرنے یا آنے والے افراد کو حاصل ہیں۔

## رہائش، ملازمت اور عوامی مقامات میں امتیازی سلوک

NYC کے طلبہ کو رہائش میں، ملازمت پر اور عوامی مقامات، بشمول اسکول کے کیمپسوں میں امتیازی سلوک کے خلاف تحفظ حاصل ہے۔ کسی کے ساتھ نسل، مذہب، آبائی ملک، عمر، ترک وطن کی حیثیت، معذوری یا NYC انسانی حقوق کے قانون کے تحت دیگر محفوظ زمرہ جات کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کیا جا سکتا۔ NYC کا انسانی حقوق کا کمیشن خلاف ورزی کرنے والوں کو ذمہ دار ٹھہراتا ہے۔

## امتیازی ہراسانی

NYC میں امتیازی ہراسانی کو برداشت نہیں کیا جاتا۔ NYC کے ہر فرد کے لئے امتیازی ہراسانی کرنا اسی طرح منع ہے جیسے ہر شخص کو اس سے تحفظ حاصل ہے۔ امتیازی ہراسانی میں اس طرح **دھمکیاں، رعب ڈالنا، ہراسانی، زبردستی کرنا، یا تشدد** شامل ہے جو اس شخص کے شہری یا آئینی حقوق میں مداخلت کرے اور:

- کچھ حد تک اس شخص کی اصل یا سمجھی گئی نسل، عقیدے، رنگت، آبائی ملک، صنف، صنفی شناخت، جنسی رجحان، عمر، معذوری، غیر ملکی ہونے یا شہریت کی حیثیت یا دیگر محفوظ حیثیت کی وجہ سے ہو؛
- اس کے ساتھ کسی شخص یا جائیداد کو فوری نقصان پہنچانے کی دھمکی دی جائے یا نقصان پہنچایا جائے؛ اور
- ایسا کسی قابل شناخت فرد کی جانب سے کیا گیا ہو۔

## امتیازی سلوک اور امتیازی ہراسانی کی اطلاع دیں

اگر آپ یا آپ کے جاننے والے کسی شخص کو آپ کی شناخت کی وجہ سے دھمکیاں دی گئی ہیں یا جسمانی طور پر ہراساں کیا گیا ہے تو **NYC کمیشن برائے انسانی حقوق کو 212-416-0197** پر کال کریں۔ کمیشن تعین کرے گا کہ آیا آپ NYC انسانی حقوق کے قانون کے تحت دعویٰ دائر کر سکتے ہیں یا نہیں اور اگر آپ دعویٰ کر سکتے ہوں تو کمیشن آپ کے دعوے کی مفت تفتیش کرے گا۔

## اضافی وسائل

- اگر آپ کی شناخت - بشمول آپ کی نسل، قومیت یا مذہب - کی وجہ سے آپ پر جسمانی حملہ کیا گیا ہے تو 911 کو کال کریں۔
- جرم کے بعد جذباتی، جسمانی اور مالی نتائج سے نمٹنے اور دیگر اختیارات کا جائزہ لینے میں مدد کے لئے کسی جرائم سے متاثرہ فرد کے وکیل سے رابطہ کریں۔ آل کرائمز ہاٹ لائن کو کال کریں 1-866-689-HELP (4357) TDD: 866-604-5350.

NYC Commission on Human Rights